مارچ
2013

# یسوع کی طرح ہم بھی سب کو پیار کرتے ہیں

’’جوتُم میں بے گُناہ ہووہی پہلے اُس کے پتّھر مارے‘‘ (یوحنّا 7:8)

## یسوع کے زمانے میں بہت سخت قانون تھے۔



ایک دن لوگ ایک گناہ گار عورت کو سب کے سامنے لائے جس پر موت کا فتویٰ لگایا گیا تھا۔انہوں نے یسوع سے سوال کیا:’’ہمارے قوانین کے مطابق اس عورت کو پتھر مار کر مار ڈالنا چاہئے۔تُو اس کے متعلق کیا کہتا ہے۔’’یسوع نے جُھک کر ریت پر کُچھ لکھا۔‘‘



پھراُس نے سراُٹھا کر جواب دیا: ’’تُم میں سے وہ شخص جس نے کبھی کوئی بُرائی نہ کی ہووہی اس پر پہلا پتّھر مارے۔‘‘فریسی لوگ جنہوں نے اُس پر الزام لگایا تھا ایک ایک کر کے چلے جاتے ہیں



یسوع عورت کی طرف دیکھ کر کہتا ہے:’’وہ سب لوگ کہاں گئے؟ کیا کسی نے تُجھ پر فتویٰ نہیں لگایا؟‘‘ عورت نے جواب دیا:’’اے خداوند کسی نے نہیں۔‘‘ تب یسوع نے کہا: ’’کہ میں بھی تُجھ پر فتویٰ نہیں لگاتا۔چلی جا پھر گُناہ نہ کرنا۔‘‘

(دیکھئے یوحنّا 8:1-11)

## چلی سے مرسیلو ہمیں بتاتا ہے:




میری کلاس میں ایک نیا لڑکا آیا ہے جس کا نام گُولیا ہے،اُسے اچھی طرح ہماری زبان نہیں آتی اور وہ فیل ہو کر دوبارہ اُسی کلاس میں تھا۔کئی دفعہ اُس کا چال چلن اچھا نہیں ہوتا اور کلاس کے لڑکے اور خاص طور پر عمانویل اُس سے دُور رہتے اور اُس سے دوستی نہیں کرتے تھے۔



میں ہر طرح سے اُس کی مدد کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔
پھر میں اپنے دوست امانویل کو بھی کہتا ہوں کہ اُس سے محبت سے پیش آئے اور اُس کے ساتھ دوستی کرے۔



ایک دن ہمیں گروپوں میں کام کرنا تھا۔عمانویل اور میں نے گُولیا کو اپنے گروپ کے لئے چُنا۔